## SECTION - A
## حصہّ ب

### OPTION - I
### اختیاری - I

**18.** شکایتی خط کسے کہتے ہیں؟ اپنے علاقے میں گندگی کی وجہ سے پھیلنے والی بیماریوں کے خطرے کی جانکاری دینے کے لئے ہیلتھ آفیسر کو شکایتی خط لکھیں۔ **(4)**

**19.** اپنے اسکول کے سالانہ جلسے پر ایک رپورٹ لکھیے۔ **(4)**

**20.** سرخیاں کیسی ہونی چاہیے؟ **(2)**

**21.** اداریہ کسے کہتے ہیں؟ ایک اچھے ادارے کی خوبیاں کیا ہیں؟ **(2)**

**22.** الیکٹرانک میڈیا کے استعمال سے آپ نے کیا فائدے حاصل کیے ہیں؟ **(3)**

### OPTION - II
### اختیاری - II

**18.** ایک اچھے فیچر میں کیا خوبیاں ہوتی ہیں؟ **(3)**

**19.** انٹرویو کی قسمیں لکھیے۔ **(3)**

**20.** خبریں جمع کرنے میں رپورٹر اور نامہ نگار کا اہم کردار ہوتا ہے، وضاحت کیجیے۔ **(3)**

**21.** ٹی۔وی۔ کی اہمیت پر اپنے خیالات لکھیے اور اس کی ضرورت پر روشنی ڈالیے۔ **(4)**

**22.** دفتری نوٹ کی کیا اہمیت ہے؟ **(2)**

---

10. درجہ ذیل سوالات کے مختصر جواب دیجیے : 6

(a) 'شہر آشوب' کسے کہتے ہیں ؟

(b) رباعی کا کونسا مصرعہ سب سے اہم ہوتا ہے اور کیوں ؟

(c) تشبیہ کی تعریف بیان کیجیے اور مثال بھی دیجیے۔

11. 'نئی تہذیب' یا 'پرچھائیاں' کا مرکزی خیال لکھیے اور ان کے شاعروں کے نام لکھیے۔ 6

12. ساحر لدھیانوی کی سوانح حیات لکھیے اور ان کے اسلوب بیان پر روشنی ڈالیے۔ 4

یا

مرزا غالب کہاں اور کس سن میں پیدا ہوئے غالب کے انداز بیان پر روشنی ڈالیے۔

13. نظم 'خاک وطن' کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 4

14. کوئی چار غزل گو شعراء کے نام لکھیے اور مثال بھی دیجیے۔ 4

یا

مثنوی کی تعریف بیان کیجیے اور مثنوی گو دو شعراء کے نام لکھیے۔

15. غزل کی تعریف لکھیے مع مثال اور دو غزل گو نئے شعراء کے نام لکھیے۔ 4

16. نظم 'چاند تاروں کا بن' کے شاعر کا نام لکھیے اور بتایئے کہ اس نظم میں شاعر نے کونسے تین دور دکھائے ہیں ؟ 4

17. نظم 'نئی تہذیب' میں شاعر نے نئی تہذیب کی کن باتوں پر طنز کیا ہے ؟ 4

**9.** مندرجہ ذیل دیے گئے 'الف' اور 'ب' میں سے دو دو اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کے نام لکھیے: **6**

'الف'

کہو کہ اب کوئی قاتل اگر ادھر آیا　　تو ہر قدم پر زمین تنگ ہوتی جائے گی

ہر ایک موج ہوا رخ بدل کے جھپٹے گی　　ہر ایک شاخ رگ سنگ ہوتی جائے گی

یا

موم کی طرح جلتے رہے ہم شہیدوں کے تن　　رات بھر جھلملاتی رہی شمع صبح وطن

رات بھر جگمگاتا رہا چاند تاروں کا بن　　تشنگی میں بھی سرشار تھے

تشنگی میں بھی سرشار تھے

پیاسی آنکھوں کے خالی کٹورے لئے

منتظر مرد و زن

حصّہ 'ب'

نئے عنوان سے زینت دکھائیں گے حسین اپنی

نہ ایسے پیچ زلفوں میں، نہ گیسو میں یہ خم ہوں گے

نہ خاتونوں میں رہ جائے گی پردے کی یہ پابندی

نہ گھونگھٹ اس طرح سے حاجب روئے صنم ہوں گے

یا

یہ سرزمین ہے گوتم کی اور نانک کی

اس ارض پاک پہ وحشی نہ چل سکیں گے کبھی

ہمارا خون امانت ہے نسل نو کے لئے

ہمارے خوں پہ لشکر نہ پل سکیں گے کبھی

3. درج ذیل میں سے کسی ایک مکمل تعریف لکھیے اور دو مصنفین کے نام لکھیے : 4

(a) داستان

(b) مضمون نگاری

(c) صحافت

4. کرشن چندر، خواجہ حسن نظامی، پریم چندر میں سے کسی ایک مصنف کے حالات زندگی تحریر کیجیے اور اُن کے اسلوب بیاں پر روشنی ڈالیے۔ 5

5. ''چچا چھکن نے تیمارداری کی'' یا ''امید کی خوشی'' میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھیے۔ 4

6. 'سبق چوتھی کا جوڑا' میں سب سے زیادہ کس کردار نے آپ کو متاثر کیا اور کیوں؟ تفصیل سے بتایئے۔ 4

7. افسانہ 'چوتھی کا جوڑا' میں عصمت چغتائی نے عورتوں کی کس نفسیاتی پہلو کو اُجاگر کیا ہے؟ روشنی ڈالیے۔ 4

8. کسی ایک عنوان پر کم از کم دو صفحوں کا مضمون لکھیے۔ 10

(a) سائنس اور ہماری زندگی

(b) میری پسندیدہ شخصیت

(c) کھیل اور اُس کے فائدے

(d) طالب علم کی زندگی میں کتابوں کی اہمیت

ایک چڑے چڑیا نے نئی روشنی کی ایک اونچی کوٹھی میں اپنا گھونسلا بنایا تھا۔ اس کوٹھی میں ایک مسلمان رہتے تھے۔ جو ولایت سے بیرسٹری پاس کرکے اور ایک میم کو ساتھ لیکر آئے تھے۔ ان کی بیرسٹری کچھ چلتی نہ تھی، مگر گھر کے زمیندار تھے، گزارہ خوبی سے ہوجاتا تھا۔ ولایت سے آنے کے بعد خدا نے ان کو ایک لڑکی بھی عنایت کی تھی جو ماشاء اللہ چلتی پھرتی تھی اور باپ کی طرف سے مسلمان اور ماں کی طرف سے مس بابا تھی۔ چڑے چڑیا نے گھریل کے اندر ایک سوراخ میں گھر بنایا۔ تنکوں اور سوت کا فرش بچھایا۔ یہ سوت پڑوس کی ایک بڑھیا کے گھر سے چڑیا لائی تھی۔ وہ بچاری چرخہ کاتا کرتی تھی۔ الجھا ہوا سوت پھینک دیتی تھی تو چڑیا لاتی اور اپنے گھر میں اسے بچھا دیتی۔

(a) اس سبق کے مصنف کا اور سبق کا نام لکھیے۔

(b) چڑیا نے اپنا گھونسلا کہاں بنایا اور کیسے؟

(c) کوٹھی میں کون رہتا تھا؟

(d) چڑیا سوت کہاں سے لاتی تھی؟

(e) سوت کون چرخہ پر کات رہا تھا؟

.2 مندرجہ ذیل سوالوں کے مختصر جواب دیجیے: 6

(a) کہانی حق وفاداری کس داستان کا حصہ ہے؟

(b) اس کہانی کا نام پوس کی رات کیوں رکھا گیا؟

(c) کبریٰ کے لئے رشتے نہ آنے کی وجہ کیا تھی؟

(d) بچوں کو اچھا انسان بنانے کی ذمہ داری کس کی ہے؟

## SECTION - A
## حصہّ الف

1. وہ پاسبان یوں ہی خبر لینے چلا۔ تھوڑی دور گیا تھا کہ بادشاہ بھی ایک کمبل سیاہ اوڑھے، سارا بدن اور منہ اسی سے چھپا اُس کے پیچھے ہولیا۔ پاسبان تھوڑی دور جا کر کیا دیکھتا ہے۔ ایک عورت حسین، خوبصورت، ایک درخت کے نیچے اس راہ میں کھڑی ہے اور یہی کہتی ہے کہ ''میں جاتی ہوں دیکھوں تو کونسا ایسا مرد ہے جو مجھے پھیر لاوے اور نہ جانے دے'' تب اُسنے پوچھا کہ ''اے بی بی صاحب جمال پری پیکر! تو کون ہے اور یہ بات کس لئے کئی شب سے کہتی ہے؟'' اُس نے کہا ''میں تصویر عمر بادشاہ طبرستان کی ہوں۔ وعدہ اس کا برابر ہوا ہے، اب اس واسطے میں جاتی ہوں۔'' یہ سخن سنتے ہی پاسباں نے کہا کہ ''اے تصویر عمر بادشاہ! اب تو کس طرح پھر مراجعت کرے گی اور آوے گی''۔ اس نے کہا کہ ''اے پاسبان! ایک صورت سے، اگر تو اپنے بیٹے کو اس کے عوض ذبح کرے تو البتہ مراجعت کروں تا بادشاہ پھر چند روز اس جہاں میں زندگی کرے اور جلدی نہ مرے۔'' 6

نوٹ: اوپر دیے گئے اقتباس کو غور سے پڑھیے اور درجہ ذیل میں پوچھے گئے سوال کے جواب لکھیے۔

(a) اس سبق کا عنوان اور مصنف کا نام لکھیے۔

(b) تصویر عمر نے پاسباں سے کس کو ذبح کرنے کو کہا؟

(c) پاسبان کو تھوڑی دور پر کون دکھائی دی اور وہ کیا کہہ رہی تھی؟

(d) پاسباں کے پیچھے کون چل رہا تھا؟

یا

# URDU

# اُردو

## (306)

Time : **3** Hours] [Maximum Marks : **100**

وقت : 3 گھنٹے    کل مارکس : 100

---

**Note :** (i) This Question Paper consists of **two** Sections, viz., **'A'** and **'B'**.

(ii) **All** questions from Section **'A'** are to be attempted.

(iii) Section **'B'** has ***two*** options. Candidates are required to attempt questions from ***one*** *option* only.

نوٹ : (*i*) یہ پرچہ دو حصوں پر مشتمل ہے — حصہ (الف) اور حصہ (ب)۔

(*ii*) حصہ (الف) کے تمام سوالات لازمی ہیں۔

(*iii*) حصہ (ب) میں دو اختیاری (Option) سوالات ہیں۔ آپ کو ان میں سے کسی ایک Option کا جواب دینا ہے۔

---

This question paper consists of **27** questions [Section-A (17) + Section-B (5 + 5)] and **8** printed pages.

اس سوال نامہ میں کل 27 سوالات [حصہ (الف) میں (17)+ حصہ (ب) میں (5+5)] اور 8 چھپے اوراق ہیں۔

**Roll No.** | | | | | | | | | | | | | **Code No. 59/SS/O/U/A**

رول نمبر

**SET A**

# URDU

# اُردو

# (306)

**Day and Date of Examination** ____________________

امتحان کا دن اور تاریخ

**Signature of Invigilators** **1.** ____________________

نگران کار کے دستخط

**2.** ____________________

***General Instructions :***

**1** Candidate must write his/her Roll Number on the first page of the Question Paper.

**2** Please check the Question Paper to verify that the total pages and total number of questions contained in the paper are the same as those printed on the top of the first page. Also check to see that the questions are in sequential order.

**3** Making any identification mark in the Answer-Book or writing Roll Number anywhere other than the specified places will lead to disqualification of the candidate.

**4** Write your Question Paper Code No. **59/SS/O/U/A** and **Set-A** on the Answer-Book.

ھدایات :

-1 طالب علم کو سوال نامے کے پہلے صفحہ پر اپنا رول نمبر لکھنا ضروری ہے۔

-2 مہربانی کر کے اپنے سوالنامے کو جانچ لیجئے کہ تمام صفحات اور سوالات کی اتنی ہی تعداد ہے جتنی پہلے صفحہ کے سب سے اوپر چھپی ہے۔ اس بات کی بھی جانچ کر لیجئے کہ سوالات سیریز میں ہیں۔

-3 طالب علم جواب کی کاپی میں اپنے رول نمبر کے علاوہ اگر کوئی پہچان کا نشان یا کوئی ہدایت لکھتا ہے تو اسے امتحان سے خارج کر دیا جائے گا۔

-4 اپنے جواب کی کاپی پر سوالنامے کا کوڈ نمبر **59/SS/O/U/A** Set A لکھئے۔